اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیِّیْن اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

# شعبہ ذمہ داران کا لرننگ سیشن(رہائشی) شیڈول (پہلا دن)

**شرکاء:**(تربیتی اجتماع کا ایک مقصد مرکزیت کو مضبوط کرنا بھی ہے اِس سے آپس میں اسلامی بہنیں ملتی ہیں جس سے ذہنی ہم آہنگی ہوتی، تنظیمی سمجھ بوجھ پیدا ہوتی اور تحریک کی نئی نئی معلومات سے آگاہی(update) ہوتی ہے)۔(مرکزی مجلسِ شورٰی، نگران زون، شعبہ بین الاقوامی امور اور عالمی مجلسِ مشاورت کیم تا 5 رجب المرجب 1437ھ 9 تا 13 اپریل 2016 )

| نمبر شمار | شیڈول(پہلا دن)(تاریخ۔۔) | مبلغہ / مبلغ | دورانیہ | وقت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | صبح صادق سے 26 منٹ قبل اٹھ کر طبعی حاجات سے فارغ ہو کر انفرادی طور پر نماز تہجد، تحیۃ الوضو کی نیت کے ساتھ ادا کیجئے۔<br>نیند سے بیدار ہوتے ہی بستر (چٹائی) چادر وغیرہ تہہ کر کے رکھیئے۔ | ------- | ---- | صبح صادق سے 26 منٹ قبل اٹھائیے |
| 2 | حتی الامکان اپنا وضو قائم رکھیں، نماز فجر کا وقت شروع ہونے کے 5 منٹ بعد سنت قبلیہ اور اس بعد فجر کے فرض ادا کیجئے۔ناظمہ کو چاہیئے روزانہ درجہ ذمہ دار کے ذریعے نیک اعمال پر عمل کرتے ہوئے ان الفاظ کے ساتھ تمام اسلامی بہنوں کو نیت کروائیں، تمام اسلامی بہنیں دل میں نیت حاضر رکھتے ہوئے زبان سے یہ الفاظ دہرائیں: **"آج کا دن آنکھ، کام زبان اور ہر عضو کو گناہوں اور فضولیات سے بچاتے ہوئے نیکوں میں گزاروں گی"** ان شاء اللہ الکریم | ------- | --- | |
| 3 | جس اسلامی بہن کے قوائد و مخارج درست ہوں اور وہ خوش الحان بھی ہوں تو وہ صراط الجنان ((جلد اول) سے 3 آیات مع ترجمہ و تفسیر سنانے کے لئے درجہ ذمہ دار اسلامی بہن کے ذریعے بدل بدل کر تربیت میں آنے والی ان اسلامی بہنوں کی ذمہ داری لگا دی جائے جس کی تجوید بہتر ہو نیز ان کی یہ رہنمائی بھی کر دی جائے کہ کون سے پارے کی کون سی آیات کی تفسیر سنانی ہے۔) سے پڑھیں باقی سب توجہ سے سنیں۔ | ------- | 20منٹ | |
| 4 | پیشگی تیاری کے ساتھ کوئی بھی ایک اسلامی بہن نماز فجر کے فوراً بعد "فیضان سنت سے درس دینے کا طریقہ (اسلامی بہنوں کے لئے)" کی مدد سے شیڈول برائے یومیہ درس" کو منعقد کیا جائے۔۔☆ درس دینے سے قبل "درس دینے کی نیتیں" کروائیں۔ | ------- | 7منٹ | |
| 5 | شجرہ عالیہ اور اوراد عطاریہ و تسبیحات (دھیمی آواز میں مل کر پڑھا جائے تا کہ یاد ہو جائے) | ------- | 20منٹ | |
| 6 | وقفۂ آرام | ------- | --- | |
| 7 | طبعی حاجات و کنگھی اور انفرادی طور پر نماز اشراق و چاشت سے فارغ ہو جایئے۔ | ------- | 30منٹ | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 8 | ایک اسلامی بہن کھانا کھانے کی نیتیں کروا کر دعائیں پڑھوائے پھر سب مل کر ناشتہ کر لیں (اس دوران ایک دوسرے کو سنتیں اور آداب بھی بتاتی رہیں، ناشتے سے فارغ ہو کر حلقوں میں آجائیں) | ------- | 30منٹ | |
| 9 | تلاوت، نعت شریف، نیک اعمال کا جائزہ مشورے سے قبل کی نیتیں (شیڈول ذمہ دار اسلامی بہنوں میں قبل از وقت باری تقسیم فرمادیں) | شرکاء سے اسلامی بہن | 12منٹ | |
| 10 | a. ذمہ داران کے درمیان بتائے جانے والے اہم مدنی پھول (اعلانات)<br>b. حقوق العباد کی ادائیگی واہم دینی کام (یہ دونوں پیپرز ریکارڈ میں موجود ہیں) | ------- | 18منٹ | |
| 11 | ملک نگران اسلامی بہن کا بیان (موضوع:) | ملک نگران | 60منٹ | |
| 12 | متعلقہ شعبے کے رکن شوریٰ کا شعبے سے متعلق بیان وسوال جواب | متعلقہ شعبے کے رکنِ شوری (آن لائن) | 90منٹ | |
| 13 | متعلقہ شعبے کا جامع تعارف، قیام کا مقصد دعوت اسلامی کی ترقی میں اس شعبے کا کردار بیان کریں، ☆ شعبے سے متعلق ذمہ داران کو فعال رکھنے کا طریقہ کار بیان کریں۔ | شعبہ ذمہ دار | 60منٹ | |
| 14 | وقفہ برائے نمازِ ظہر وطعام | ------- | 60منٹ | |
| 15 | نگرانِ شوریٰ کا بیان وسوال وجواب (موضوع) | نگرانِ شوریٰ (آن لائن) | 90منٹ | |
| 17 | شعبے سے متعلق face to face پبلک ہونے / مثبت سوچ / skill development / self-grooming کے طریقے پر جدید انداز و slides کے ساتھ یہ session کیا جائے۔ | ------- | 60منٹ | |
| 18 | شعبہ ذمہ داران کو درپیش اجتماعی مسائل رکن عالمی مجلس مشاورت / شعبہ بین الاقوامی امور کو پیش کرنا۔ (شعبہ ذمہ دار ملک سطح اپنے ساتھ لائیں گی)؟ | رکن عالمی مجلس مشاورت و شعبہ بین الاقوامی اُمور | 90منٹ | |
| 19 | وقفہ برائے نمازِ عصر، چائے | ------- | 30منٹ | |
| 20 | ملک وبیرون ملک شعبے کی کارکردگی کا تقابل واہداف ☆ ملک وبیرون ملک (تحصیل / ٹاؤن تا ملک سطح) شیڈول کی کارکردگی و تحائف دینا | ------- | 60منٹ | |
| 21 | وقفہ برائے نمازِ مغرب | ------- | 30منٹ | |
| 22 | **تصورِ مرشد** | صاحبزادیٔ عطار سلمہا الغفار (بالمشافہ / آن لائن) | 12منٹ | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 23 | صاحبزادیٔ عطار سلمہا الغفار سے مُلاقات سے قبل کے مدنی پھول صاحبزادیٔ عطار سلمہا الغفار کی زیارت (ملاقات کے دوران منقبتِ عطار) تقسیمِ تحائف، قرعہ اندازی، اجتماعی دُعا، صلوٰۃ والسلام، اختتام کی دُعا | ------- | 18منٹ | |
| 24 | **سورۂ ملک:**<br>ایک اسلامی بہن تجوید کے ساتھ سورۂ ملک کی تلاوت کرے (بصورتِ دیگر رات کی ناظمہ تلاوت کریں ) اس دوران تمام اسلامی بہنیں خوب توجہ سے تلاوت سنیں۔<br>☆سورۂ ملک کی تلاوت کے بعد تمام اسلامی بہنیں "اللہ رب العلمین" بلند آواز سے پڑھیں کہ یہ سنت ہے۔ پھر اس کے بعد نیک اعمال نمبر 3 کے جز پر عمل کرتے ہوئے 12 منٹ کے دورانیے میں 63 نیک اعمال کا رسالہ تفصیلی جائزہ اس طرح کروائیں کہ رسالے پر نشانات لگوائے جائیں، انفرادی طور پر "مستقل قفلِ مدینہ کارڈ" پر کیا جائے۔<br>☆رات کی ناظمہ کو چاہیئے کہ جس اسلامی بہن سے سورۂ ملک کی تلاوت کروانی ہو انہیں پیشگی (ایک دن قبل) بتادیا جائے۔ جس کی باری لگائی جائے اس سے سورۂ ملک سن بھی لی جائے تاکہ یہ اندازہ ہو جائے کہ ان کی تجوید درست ہے یا نہیں۔<br>رات کی ناظمہ روزانہ جائزہ کروانے کے ساتھ ساتھ اس بات پر بھی توجہ دلائے کہ ہر اسلامی بہن جائزہ (رسالے پر نشان لگانے) کے بعد رسالہ بند کر کے رکھنے کے بجائے انفرادی طور پر اس پر غور کرے کہ آج جن جن نیک اعمال پر نہ ہو سکا تو اس کی کیا وجہ ہوئی؟ سستی، کوتاہی یا بے توجہی ؟؟؟ پھر دل ہی دل میں اس پر عمل کی نیت ہو تو اس طرح بتدریج عمل میں اضافہ ہو گا۔ | ------- | 30منٹ | |
| 25 | وقفۂ طعام، درجہ ذمہ دار اسلامی بہن کے ذریعے کھانا کھانے کی نیتیں کروا کر دعائیں پڑھوائے پھر سب مل کر کھانا کھالیں۔ اس دوران ایک دوسرے کو سنتیں و آداب بھی بتاتی رہیں، ناظمہ کو چاہیئے کہ درجہ سطح پر اس طرح اعلان کیا جائے کہ: کھانے کے دوران اسلامی بہنیں صرف سنتیں اوار آداب ہی بتائیں ذاتی باتیں اور فضول باتوں سے ہر وقت اجتناب ہی کیا جائے۔<br>ناظمہ روزانہ (رات) کا کھانا درجے ہی میں کورس میں آنے والی اسلامی بہنوں کے ساتھ تناول فرمالیا کریں۔ اور جس حلقے میں کمزروی پائیں تو مسکراتے مسکراتے کمزوری کا حل فرمائیں۔ | ------- | 30منٹ | |
| 26 | طبعی حاجات سے فارغ ہو کر نیک اعمال نمبر 18 پر عمل کرتے ہوئے سنت قبلیہ ادا کر کے نمازِ عشاء ادا کیجئے۔ | ------- | 30منٹ | |
| 27 | نیک اعمال نمبر 47 پر عمل کرتے ہوئے کم از کم ایک مدنی مذاکرہ سنا جائے۔<br>اس کے لئے مکتبۃ المدینہ سے شائع کردہ میموری کارڈ بنام فیضان مدنی مذاکرہ (میموری کارڈ نمبر 1، 2، 3) سے سنایا جائے یا پھر دعوتِ اسلامی کی ویب سائیٹ www.dawateislami.net سے download کر کے سنایا جائے۔ | ------- | **60منٹ** | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | Live مدنی مذاکرہ ہو تو یہی دکھایا جائے۔<br>مدنی مذاکرہ سننے سے قبل "مدنی مذاکرہ سننے سے قبل کی نیتیں" کروائی جائیں۔(مدنی مذاکرہ سننے سے قبل کی نیتیں "ریکارڈ فائل میں موجود ہے) | | | |
| 28 | دو رکعت صلوٰۃ التوبہ ادا کیجئے اور سونے سے پہلے کی نیتیں کروائیں اس کے بعد سنت کے مطابق آرام فرمائیں۔(یہ پیپر ناظمہ کارکردگی میں موجود ہے) | ------- | 15منٹ | |

**مدنی پھول:** ☆امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے حالیہ آڈیو / وڈیو بیان میں ذمہ داران کو دعوتِ اسلامی نہ چھوڑنے، باوفا رہنے وغیرہ سے متعلق بھرپور ترغیب دلائی جائے۔ لرننگ سیشن شیڈول ذمہ دار ہر ہر شعبے کا دورانیہ نوٹ کرنے پر ذمہ دار ہوں گی وہ ہر شعبے کی باری آنے سے قبل شرکاء کو توجہ دلا کر 1 تا 2منٹ کے دورانیے میں اب کون سا شعبہ ہو گا یہ بتائیں گی مثلاً تلاوت شروع ہونے سے قبل توجہ دلائیں گی کہ پیاری پیاری اسلامی بہنوں اب تلاوتِ قرآن کریم ہو گی تمام اسلامی بہنیں تلاوتِ قرآن کریم کی تعظیم کی نیت سے ہو سکے تو دو زانو بیٹھ جائیں توجہ کے ساتھ باادب ہو کر تلاوتِ قرآن ساعت فرمائیں۔"اِسی طرح ہر ہر شعبے سے قبل مختصر اس کے بارے میں بتائیں گی ہر ہر شعبے کا دورانیہ مقررہ دورانیے سے زیادہ نہ ہو اس پر توجہ رکھیں گی۔

☆لرننگ سیشن میں متعلقہ مبلغہ کو اپنے شعبے سے متعلق پریزنٹیشن / سلائیڈز تیار کرنے اور مقررہ وقت پر شیڈول ذمہ دار کے ذریعے چلانے کی تاکید کی جائے۔

☆شیڈول "جس کو جو کہنا ہے مسائل" سے قبل شیڈول ذمہ دار اعلان کر دیں کہ مسئلہ بیان کرنے والی ہر اسلامی بہن کو چاہیے کہ مختصر لفظوں میں اپنی بات بیان کریں تاکہ ہر اسلامی بہن کو اپنا مسئلہ بیان کرنے کا موقع مل سکے نیز اس نیت کے ساتھ کہ گناہوں سے بچ کر مثلاً دل آزاری طنز وغیرہ سے بچنا اور احترامِ مسلم کو ملحوظ رکھتے ہوئے مسئلہ بیان کریں شرکاء بلند آواز سے سوال کریں کہ بصورت دیگر جواب دینے والی سوال دہرائے

☆رات میں متعلقہ صوبے / ملک کی اسلامی بہنوں کی ملاقات ہو گی۔ ملاقات سے قبل"**صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار سے ملاقات سے قبل کے مدنی پھول**" پڑھ کر سنائیں گی(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ جس مقام پر صاحبزادئ عطار سلمہا الغفار بالمشافہ تشریف لائیں وہاں ملاقات ہو گی ورنہ پھر صلوٰۃ و سلام و اختتامی دعا پر اختتام ہو جائے گا۔

☆ کس دن کس صوبے / ملک کی ملاقات کی باری ہے اس کی تفصیل شعبہ ذمہ دار (عالمی سطح) قبل از وقت حاصل کر لی جائے۔

☆ اگر شعبہ کرنے والی مبلغہ دیئے گئے وقت میں اپنا شعبہ نہ کر سکیں تو اس کو شیڈول میں ایڈجسٹ کیا جائے۔

☆ شیڈول ذمہ دار اس لرننگ سیشن کے دونوں دنوں کا زوم لنک بنا کر اوورسیز (جس سطحوں کو شامل کرنا طے ہے) ذمہ داران کو قبل از وقت سینڈ کریں اور مقررہ وقت پر شامل ہونے کا فولو اپ کریں۔

☆ شیڈول ذمہ دار شیڈول میں شامل مبلغین جیسے نگران شوریٰ، نگران شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں (رکنِ شوریٰ) متعلقہ شعبے کے رکن شوریٰ، اگر پاکستان نگران اسلامی بہن آن لائن بیان کریں تو ان کے بیانات کے لئے جو لنک زوم متعلقہ رکنِ عالمی مجلس مشاورت / شعبہ بین الاقوامی امور کے ذریعے ملیں، اسے اوورسیز متعلقہ شعبہ ذمہ دار کو سینڈ کریں اور مقررہ وقت پر چلائیں۔